٩٢/٣٧٠، ٣٧١

٩ ٣١/١/٢٢

٩ ٣١/٢/٢

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

''مال حرام کو بلانیتِ ثواب صدقہ کیا جائے''۔

اس فقہی جزئیہ پر متفرع مسائل کے متعلق چند امور کی تحقیق مطلوب ہے:

۱۔فقہاء کرام نے اس قاعدہ کو کہاں سے اخذ کیا ہے؟

۲۔ماٗخذ کے طور پر سرورِ عالم ﷺ کے اس فرمان ''اطعموا الأسریٰ'' کو بعض اوقات جو بنیاد بتایا جاتا ہے، تو کیا آج بھی غیر مسلم ہی مال حرام کا مصرف قرار دیے جائیں؟

۳۔کیا مال حرام میں ملکیت کی تبدیلی سے کوئی فرق آتا ہے؟

المستفتی:

مفتی مظہر حسین،

راولاکوٹ، آزاد کشمیر۔

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب حامدا ومصليا

(۱)۔۔۔یہ مسئلہ اسی حدیث سے ماٗخوذ ہے، ''سنن الدار قطنی'' میں ہے:

حدثنا عليّ بن محمد بن عبيد ،نا ابن أبي خيثمة،نا موسىٰ بن إسماعيل،نا عبد الواحدبن زياد قال:قلت لأبي حنيفة:''من أين أخذتَ هٰذا،الرّجل يعمل في مال الرّجل بغير إذنه إنّه يتصدّق بالرّبح؟قال:''أخذتُه من حديث عاصم بن كُليب''.

(كتاب الأشربة وغيرها،رقم الحديث: ١٤٧٢،ج: ٢،جزء: ٤،ص: ١٩٠،دار الكتب العلمية)

(معارف السّنن، أبواب الطّهارة،باب ما جاء لا تقبل صلاة بغير طهور: ١/٣٤،سعيد)

(۲)۔۔۔البتہ ''غیر مسلم'' کو مال حرام کا مصرف قرار دینا درج ذیل وجوہ کی بناء پر درست نہیں:

۱۔حضرات فقہاء کرام رحمہم اللہ نے ''کتاب الغصب'' میں مذکورہ روایت پر متفرع مسائل کا ذکر کرتے ہوئے غاصب کی ملکیت پر تو اس روایت سے استدلال کیا ہے، لیکن کفار کو مال حرام کا مصرف قرار دینے پر نہیں۔

۲۔نیز حضرات فقہاء کرام کے کلام میں مذکورہ جگہ پر ''يتصدق به'' وغیرہ کے الفاظ ملتے ہیں جو مطلق ہیں، جس سے متبادر یہی ہے کہ اس سے مراد ''فقراء ومساکین'' ہیں، اگر اس کا مصرف ''کفار'' ہوتے تو یقیناً ان کا ذکر صراحۃً ہوتا؛ اسلیے کہ ''کفار'' مطلق صدقہ کا مصرف نہیں، چنانچہ ''المبسوط'' میں ہے:

''وحجّتنافي ذٰلک قول رسول الله صلّى الله عليه وسلم في الشّاة المغصوبة المصلية:''أطعموها الأسارى''فقد أمرهم بالتصدّق بها،ولولم يملكوها لماأمرهم بالتصدّق بها،لأنّ التصدّق بملک الغير إذا كان مالكه معلوماً لايجوز''

Scanned by CamScanner

(كتاب الغصب، ج:٦، جزء:١١، ص:٧٤، مكتبة غفارية)

(البحر الرائق: ٢٠٦/٨، ٢٠٧، رشيدية). (بدائع الصنائع: ١٤٨/٦، رشيدية).

(الدر مع الرد: ١٨٩/٦، سعيد). (رمز الحقائق: ٣٢٧/٢، إدارة القرآن)

(تبيين الحقائق: ٣٢٥/٦، دار الكتب العلمية). (التجريد: ٣٣٣٣/٧، دار السّلام).

(الهداية و الكفاية و العناية: ٢٦٢/٨، رشيدية). (حاشية الطحطاوي على الدّر: ١٠٤/٤،

دار المعرفة). (الهندية: ١٢٠/٥، رشيدية). (البزازية على هامش الهندية: ١٢٠/٦،

رشيدية). (نصب الراية: ١٦٨/٤، ١٦٩، مؤسسة الريّان) وغيرها.

٣۔ بعض کتب میں مذکورہ حدیث کے ساتھ "أساری" کی تفسیر بھی موجود ہے۔ چنانچہ "تبیین الحقائق" میں ہے:

فقال رسول الله ﷺ: "أطعموها الأساری" فلولا أنّ ملک الغاصب زال عنها لم يأمرهم بالتصدّق بها بل أمر ببيعها وحفظ ثمنها على الغائب، وعلى هذا بنى أبو حنيفة كثيراً من مسائل الغصب، قال محمد: "يعنى بالأسرى المحتبسين" كذا في شرح مختصر الكرخي" (كتاب الغصب: ٣٢٥/٦، دار الكتب العلمية).

"شرح مشکل الأثار" میں ہے:

((قال أبو جعفرؒ: ففي هذا الحديث أنّ رسول الله ﷺ أمر بإطعام الشاة الأسارى، وهم ممن تجوز الصدقة عليهم بمثلها..... الخ))

(رقم الحديث: ٣٠٠٥، ٣٠٠٦، ط. مؤسسة الريّان)

"کتاب الأثار لإمام محمدؒ" میں ہے:

"..........فأمر النّبيّ ﷺ أن يرفع الطعام وأن يطعمه الأسارى، قال محمدؒ: وبه نأخذ.... وأسارى، عندنا أهل السّجن المحتاجون، وهذا كله قياس قول أبي حنيفةؒ "

(كتاب الحظر والإباحة، باب الدعوة، رقم الحديث: ٨٨٣: ص، ٢٠٠، إمدادية)

"الآثار لأبي يوسفؒ" میں ہے:

"........فقال النّبي ﷺ: أطعموها الأسرى" يعنى المساكين."

(باب الصيد، رقم الحديث: ٥٨٣، ١٢٧/١، دار الكتب العلمية)

اگر "أساری" میں "کفار" اور "فقراء ومساکین" دونوں کا احتمال ہو، تب بھی مذکورہ بالا عبارات وتصریحات سے "فقراء ومساکین" کا مراد لینا زیادہ اقرب ہے، بلکہ اس کی تصریح بھی موجود ہے، بخلاف "کفار" کے۔

٤۔ نیز اس کی تائید "بزازیہ" کے اس جزئیہ سے بھی ہوتی ہے۔

"الغاصب إذا آجر المغصوب فالأجر له فإن تلف المغصوب من هذا العمل أو تلف لا منه وضمنه الغاصب له الاستعانة بالأجر في أداء الضمان وتصدّق بالباقي إذا كان فقيراً فإذا كان غنيا ليس له أن يستعين بالغلة في أداء الضمان في الصحيح"

(البزازية على هامش الهندية ،كتاب الغصب،الفصل الأول،٦/ ١٧٠ ،رشيدية)

جس میں ''غاصب کو اس بات کی رخصت دی گئی ہو کہ مال مغصوب سے حاصل کردہ منافع سے ''مغصوب منہ'' کا ضمان ادا کرسکتا ہے، اگر (مال مغصوب ہلاک ہوجائے اور) غاصب ''فقیر'' ہو، وگرنہ نہیں، جبکہ تمام کتب فقہ میں اس منافع کے بارے میں یہ تصریح موجود ہے کہ ''اس کا صدقہ کردے'' جس سے معلوم ہوا کہ اس کا مصرف و مستحق فقیر (ومسکین وغیرہ) ہے، نہ کہ کافر، ورنہ یہاں تقابل بین المسلم والكافر ہوتا (کہ اگر غاصب ''کافر'' ہے تو ان منافع سے ضمان ادا کرسکتا ہے، ورنہ نہیں) نہ کہ بین الفقير والغنی.

۵۔ جبکہ ''البحر الرائق'' کی مندرجہ ذیل عبارت اس مفہوم پر اس سے بھی زیادہ واضح اور صریح ہے:

"ولو هلک في يده بعد ما استعمله فضمنه المالک كان له أن يستعين بالغلة في أداء الضمان لأنّ الخبث لأجل المالک،فإذا أخذه المالک لا يظهر الخبث في حقه ولهذا لو سلم الغلة إليه مع العبد يباح له التناول فيزول الخبث بالتسليم وتبرأ ذمته عن القيمة بقدره بخلاف ما إذا باعه الغاصب بعد ما استغله وهلک في يد المشتري وضمنه المالک قيمته ثم رجع المشتري على الغاصب بالثّمن حيث لا يكون للغاصب أن يستعين بالغلّة في أداء الثّمن إلى المشتري لأنّ الخبث كان لحق المالک والمشتري ليس بمالک فلا يزول الخبث بالأداء إليه فلا يؤدّيه إليه إلا إذا كان لا يجد غيره،فيرجع هو على غيره من الفقراء باعتبار أنّه ملكه وهو محتاج إليه كما أنّ للملتقط أن يصرف الغلة على نفسه إذا كان محتاجاً، ثمّ إذا أصاب ما لاً يتصدّق بمثله إن كان غنيا وتعذر الاستغلال، وإن كان فقيراً فلا شيء عليه لما ذكرنا من ترجيحه على غيره من الفقراء"

(كتاب الغصب،٨: ٢٠٦،ط:رشيدية)

جس میں " غاصب" کیلئے ''مشتری من الغاصب'' کو ''منافع مغصوب'' سے ثمن ادا کرنے کی اجازت اس وقت دی گئی ہے، جبکہ دوسرے فقراء نہ ہوں، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا اصل مصرف ''فقراء'' ہیں اور اس کو قیاس کیا ہے ''ملتقط'' پر کہ وہ احتیاج کی صورت میں اپنے اوپر خرچ کرسکتا ہے پھر جب مال آجائے تو اگر وہ غنی ہو تو اتنا ہی مال صدقہ کرے گا، وگرنہ نہیں، دونوں میں ''علت مشترکہ'' دوسرے فقراء کا نہ ہونا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مال (حرام) کا مصرف ''فقراء'' ہیں نہ کہ ''کفار''۔

٦۔ علاوہ ازیں اگر ''أساری'' سے ''کفار'' بھی مراد لے لئے جائیں تب بھی وہ ایک خاص واقعہ ہے جس سے (مذکورہ بالا تصریحات کی موجودگی میں) عموم پر استدلال درست معلوم نہیں ہوتا، یعنی بکری ذبح کرکے اس کا گوشت پکایا جاچکا تھا، اور بکری کا مالک تھا نہیں، کہ اسے قیمت دے کر راضی کرلیا جاتا اور گوشت کے خراب ہونے کا امکان تھا، اور (مالک کو قیمت ادا کرنے سے پہلے) حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کھلانے کی صورت نہیں تھی، اسلئے آپ ﷺ نے ''کفار'' کو کھلانے کا حکم دیا (اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ہر مال حرام کا مصرف ''کافر'' ہی ہو، اگرچہ ایسی خاص صورت میں کافر کو دینے کی گنجائش ہو) كما صرّح به في "بذل المجهود":

"(فقال رسول الله ﷺ: أطعميه) أي: أطعمي هذا الطعام (الأسارى) جمع أسير والغالب أنّه فقير وقال الطيبي: وهم كفار؛ وذلک أنّه لما لم يوجد صاحب الشاة ليستحلوا منه وكان الطّعام في صدد الفساد ولم يكن بد من إطعام هؤلاء

Scanned by CamScanner

فأمر بإطعامهم وقد لزمها قيمة الشّاة بإتلافها ووقع هذا تصدقاًعنها.
(كتاب البيوع: باب في اجتناب الشبهات، ۴/ ۲۳۹، مكتبة الشيخ)
(كذا في عون المعبود: رقم الحديث، ۳۳۳۰، ۹/ ۱۴۱، دار الفكر)

خلاصہ یہ کہ "کفار" کو مال حرام کا مصرف ٹھہرانا درست نہیں، چہ جائیکہ "انہیں ہی" مصرف قرار دیا جائے، اِلّا یہ کہ کوئی خاص صورت ہو، كما في الحديث المبحوث عنه.

(۳)۔ "حرام لعینہ" میں "تبدّل ملک" سے کوئی فرق نہیں آتا، "حرام لغیرہ" اس وقت دوسرے کے لئے حلال ہوتا ہے جب اسے "أرباب أموال" کا علم بھی نہ ہو، (وگرنہ "أرباب ِأموال" کو واپس لوٹانا ضروری ہے) اور جو وہ لے رہا ہے وہ "عینِ حرام" نہ ہو، اگر چہ دیانۃً اس سے احتراز کرنا چاہیے۔

وفي حظر "الأشباه": ((الحرمة تتعدّد مع العلم بها إلافي حق الوارث)) وقيّده في "الظهيرية" بأن لا يعلم أرباب الأموال، وسنحققه ثمة. (الدر المختار).

وفي الرد: (قوله: الحرمة تتعدّد إلخ) نقل "الحموي" عن سيّدي "عبدالوهاب الشعراني" أنه قال في كتابه "المنن": ((وما نقل عن بعض الحنفية من أنّ الحرام لاتتعدى ذمتين سألت عنه "الشهاب بن الشلبي" فقال: هو محمول على ما إذا لم يعلم بذٰلك، أمّالو رأى المكّاس مثلاًيأخذ من أحد شيئاًمن المكس ثم يعطيه آخر، ثم يأخذه من ذٰلك الآخر فهو حرام)) اهـ.

(قوله: إلّا في حق الوارث) أي: فإنّه إذاعلم أن كسب مورّثه حرام يحل له، لكن إذا علم المالك بعينه فلا شك في حرمته ووجوب ردّه عليه وهذا معنى قوله: ((وقيده في "الظهيرية" إلخ))، وفي "منية المفتي" ((مات رجل و يعلم الوارث أنّ أباه كان يكسب من حيث لا يحل ولكن لا يعلم الطالب بعينه ليرد عليه حل له الإرث، والأفضل أن يتورّع و يتصدق بنية خصماء أبيه)) اهـ. وكذا لا يحلّ إذا علم عين الغصب مثلا وإن لم يعلم مالكه؛ لما في "البزازية": ((أخذ مورثه رشوةً أو ظلماً إن علم ذٰلك بعينه لا يحلّ له أخذه، وإلا فله أخذه حكماً، أمّا في الديانة فيتصدق به بنيّة إرضاء الخصماء)) اهـ.

والحاصل: أنه إن علم أرباب الأموال وجب ردّه عليهم، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له، ويتصدق به بنيّة صاحبه، وإن كان مالاً مختلطاً مجتمعاًمن الحرام ولا يعلم أربابه و لا شيئاًمنه بعينه حلّ له حكماً، والأحسن ديانةً التنزه عنه، ففي "الذخيرة": ((سئل الفقيه "أبو جعفر" عمّن اكتسب ماله من أمراء السلطان ومن الغرامات المحرّمات وغير ذٰلك، هل يحل لمن عرف ذٰلك أن يأكل من طعامه؟ قال: أحب إلي في دينه أن لايأكل، ويسعه حكماً إن لم يكن ذٰلك الطعام غصباً أو رشوةً)). وفي "الخانيّة": ((إمرأة زوجها في أرض الجور إن أكلت من طعامه ولم يكن عين ذٰلك الطعام غصباً فهي في سعة من أكله، وكذا

Scanned by CamScanner

لو اشترىٰ طعاماً أو كسوةً من مال أصله ليس بطيب فهي في سعة من تناوله،والإثم على الزوج)).اهـ

(قوله:وسنحققه ثمّة)أي:في"كتاب الحظروالإباحة"،قال هناك بعد ذكره ما هنا: ((لكن في"المجتبى" :مات وكسبه حرام فالميراث حلال،ثم رمز وقال:لا نأخذ بهذه الرواية ، وهو حرام مطلقاً على الورثة،فتنبّه))اهـ"ح". ومفاده الحرمة وإن لم يعلم أربابه،وينبغي تقييده بما إذا كان عين الحرام؛ليوافق مانقلناه؛إذ لواختلط بحيث لا يتميّز يملكه ملكاً خبيثاً،لكن لا يحلّ له التصرف فيه ما لم يؤدبدله كما حققناه قبيل باب زكاةالمال ،فتأمّل.

(:كتاب البيوع،باب البيع الفاسد،مطلب في من ورث مالاًحراماً:١٤/٩٠٧-١١٧، دار الثقافة والتراث،دمشق).

(حاشية ابن عابدين: كتاب الزكاة،باب زكاة الغنم،مطلب: في التصدق من الما ل الحرام: ٥/٥٢٩، ٥٣٠،دار الثقافة والتراث،دمشق).

(الدر مع الرد: كتاب الحظروالإباحة،فصل في البيع: ٦/٣٨٥،٣٨٦،سعيد)

(الحموى على الأشباه:الفن الثاني،الحظروالإباحة،٢/٢٦٢،٢٦٣،إدارة القرآن)

نوٹ: یہ سوال مجمل ہے جس کے جواب میں بہت تفصیل ہے، جو کچھ اس کے متعلق لکھا اس میں تمام جزئیات کا احاطہ نہیں، لہذا ہر جزئیہ کو اس پر منطبق نہ کیا جائے، اگر کسی خاص صورت سے متعلق حکم معلوم کرنا ہو تو اسے لکھ کر ارسال کر دیا جائے۔ فقط

والله سبحانه أعلم بالصواب

كتبه:امان الله غفر له

المتخصص في الفقه الإسلامي

بالجامعة الفاروقية بكراتشي

١٩ / ٢ / ١٤٣١ هجری

الجواب صحیح

الجواب صحیح

٢٩/٢/٣١ھ

Scanned by CamScanner